**MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPT**
**RAWALPINDI CANTONMENT BOARD**
The Mall, Rawalpindi Cantt
Tel: 051-9274401-04 Fax No.: 051-9274407

No. RCB/Advertisement/65

Dated: 15/05/2026

To,

The Director (Advertisement)
Press Information Department,
Government of Pakistan,
Islamabad

Subject: **RAWALPINDI CANTT: PUBLICATION OF ADVERTISEMENT**

Please arrange for publication of advertisement notice in the following newspapers **(local Station)** according to the following requirements.

| S# | City | Date of Publication | Language | No. of Insertion | Size |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | **ISB/RWP (Preferably** | )" on or before 23/05 **/2026** | **URDU** | One | Inner Page Classified Column |
| 2. | **ISB/RWP (Preferably** | )" on or before 23/05 **/2026** | **URDU** | One | -do- |
| 3. | **ISB/RWP (Preferably** | )" on or before 23/05 **/2026** | **ENGLISH** | One | -do- |

2. It is requested that the public notice may please be published in the above newspapers as these are widely read. **The publication of advertisement in the newspapers other than specified above cannot achieve the above desired purpose. As such, you are requested not to please change the newspaper for publication of the enclosed notice.**

3. It has been observed that publication of the notice is done over and above the requirement give in Para 1 above. **As the funds are only available to meet the cost of advertisement to the extent of requirements specified, the undersigned will not accept the claim received over and above the given requirement. You are, therefore, requested to please strictly adhere to the specified requirement.**

4. It is certified that necessary funds within the sanctioned budget/grant are available to meet the entire cost of advertisement only for 03 newspapers, as such above advertisement may please be got published in 03 daily Newspapers only. The bill may please be forwarded to the undersigned to payment in due course of time.

**Cantonment Executive Officer**
Rawalpindi Cantt
Executive Officer
Rawalpindi Cantonment

Encl: **(As above)**

Copy to:-

1. Accounts Branch
2. IT Manager - (To upload the advt. on RCB website)
3. PA to CEO

# کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

## شاندار نیلام عام ایگزیکٹو واش رومز / گروپ لیٹرین

بذریعہ اشتہار ھذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی چھاؤنی کی حدود میں واقع بیت الخلاء

(1) پوٹھوہار پارکنگ نمبر 1 بنک روڈ نزد میٹرو سٹیشن صدر راولپنڈی (ایگزیکٹو واش رومز)

(2) پوٹھوہار پارکنگ نمبر 2 نزد تہذیب بیکرز حیدر روڈ صدر راولپنڈی پر (ایگزیکٹو واش رومز)

(3) گروپ لیٹرین نزد گکھڑ پلازہ بنک روڈ

کے حقوق وصولی چارجز برائے **عرصہ یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027** تک کا نیلام عام مورخہ 8 جون 2026 کو بوقت 11 بجے دن دفتر ہذا میں منعقد کر رہا ہے۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی کا عمل اس دن پورا نہ ہو سکا تو دوبارہ بولی مورخہ 9 جون 2026 اور سہ بارہ مورخہ 10 جون 2026 کو اُسی وقت اور مقام پر ہوگی ٹھیکیدار مندرجہ ذیل شرح سے وصولی کا مجاز ہوگا۔

## شرح وصولی

☆ ایگزیکٹو واش رومز = -/50 روپے فی کس

☆ گروپ لیٹرین = -/20 روپے فی کس

**شرائط نیلام درج ذیل ہیں**

۱) بولی شروع ہونے سے بیشتر ہر بولی دہندہ کو مبلغ -/10,00,000 (دس لاکھ) کا پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی بطور زر بیعانہ ہمراہ قابل عمل شناختی کارڈ کی کاپی بولی کے وقت جمع کرانا ہوگی۔ بغیر ادائیگی زر ضمانت بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔ نیز بولی میں حصہ لینے والے افراد FBR کے فائلر اور سیلز ٹیکس کے رجسٹرڈ ہوں۔

۲) بولی کی رقم متذکرہ بالا عرصے کے لئے ہوگی جس کی ادائیگی ماہانہ اقساط کی بنیاد پر کی جائے گی۔ حتمی منظوری تابع مجاز اتھارٹی ہوگی

۳) کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر بولی کی رقم کا 1/4 (چوتھائی) حصہ دفتر ہذا میں بطور سیکورٹی موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں بولی منسوخ تصور ہوگی اور جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔ کامیاب بولی دہندہ کو سیکورٹی کی رقم ٹھیکہ کی مدت کی کامیاب تکمیل پر واپس کی جائے گی جو کسی صورت اقساط میں ایڈجسٹ نہیں کی جائے گی پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندگان کی کال ڈیپازٹ تاوقت منظوری نیلام دفتر ہذا میں جمع رہیں گی۔

۴) بولی کی منظوری کی اطلاع کے سات یوم کے اندر پہلے ماہ کی قسط (جو کہ بولی کی کل رقم کی ماہانہ قسط کی بنیاد پر ہوگی) دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی جبکہ کامیاب دہندہ کو اپنے حرجہ و خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی سے ایک تحریری معاہدہ کرنا ہوگا جو کہ سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کرانا ہوگا اور معاہدہ کئے بغیر کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ بصورت دیگر کنٹونمنٹ بورڈ کو حق حاصل ہوگا کہ وہ سیکورٹی کی رقم ضبط کر کے ٹھیکہ دوبارہ نیلام کر دے۔

۵) زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ تمام بولیوں کو کسی بھی وجہ سے بمطابق پیپرا قوانین (قبل از منظوری) مسترد کر دے۔

۶) کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار ٹھیکہ کی کل رقم کے ماہانہ کی بنیاد پر پوسٹ ڈیٹڈ (post dated) چیکس جن پر ہر ماہ کی 05 تاریخ درج ہو جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ 10 تاریخ سے لیٹ ہونے کی صورت میں مبلغ -/500 روپے روزانہ کی بنیاد پر جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں اس ماہ کی 10 تاریخ کے بعد ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور سیکیورٹی کی رقم ضبط کر لی جائے گی۔

۷) عدم وصولی فیس کی صورت میں خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو ٹھیکیدار بورڈ سے معاوضہ یا رعایت طلب کرنے کا حقدار نہ ہوگا اور مندرجہ بالا جگہوں سے ٹھیکیدار فیس کی وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ کسی بھی ناگہانی صورتحال میں قسط کی رقم معاف نہیں ہوگی۔

۸) کینٹ بورڈ کے نادہندگان فرم / گروپ نیلامی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

۹) گروپ لیٹرین جس حالت میں ٹھیکیدار کے حوالے کی جائیں گی۔ اسی حالت میں واپس کرنا ہونگی۔ کسی نقصان کی صورت میں مرمت پر ہونے والے اخراجات سیکیورٹی کی رقم سے منہا کیے جائیں گی۔

۱۰) مقررہ فیس سے زیادہ وصولی یا کسی بھی شکایت کی صورت میں ٹھیکیدار کو 10,000 روپے جرمانہ ہوگا۔ 3 مرتبہ جرمانہ ہونے کی صورت میں فائنل وارننگ جاری کی جائیگی اس کے بعد دوبارہ اس قسم کے کسی بھی واقعہ کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

۱۱) کنٹونمنٹ بورڈ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ کی منسوخی کا اختیار حاصل ہے ایسی صورت میں بولی دہندہ کی تمام جمع شدہ رقم بشمول سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

۱۲) انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین / شرح کے تحت ہوگا جو کہ 1/4 کے ساتھ جمع کرانا ہوگا۔

۱۳) گورنمنٹ آف پنجاب فنانس ایکٹ 2018 کے مطابق کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار ٹھیکہ کی کل رقم کے %0.25 کی سٹیمپ ڈیوٹی ادا کرے گا۔

۱۴) اگر ٹھیکیدار دوران ٹھیکہ Default کر جاتا ہے تو ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا دوبارہ بولی کم وصول ہونے کی صورت میں نقصان پہلے بولی دینے والے ٹھیکہ دار کے ذمہ ہوگا۔

۱۵) لیٹرین ہذا کی حالت حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق رکھنی ہوگی جس کا گاہے بگاہے معائنہ کیا جائے گا حالت تسلی بخش نہ ہونے کی صورت میں جرمانہ عائد کیا جا سکے گا۔

۱۶) گاہے بگاہے جاری ہونے والی حکومتی و محکمانہ ہدایات پر عملدر آمد ضروری ہوگا۔

نوٹ: مزید معلومات دفتر اوقات کار میں لینڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جاسکتی ہے

المشتہر

کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر

راولپنڈی کینٹ

051-9274406

UAN#051-111-07-07-07

www.rcb.gov.pk